○ ۱۸۱۶ء

خوش وحشتے کہ عرضِ جنون فنا کروں — جوں گردِ راہ، جامۂ ہستی قبا کروں
گر بعدِ مرگ وحشتِ[1] دل کا گلا کروں — موجِ غبار سے پرِ یک دشت وا کروں
آ، اے بہارِ ناز! کہ تیرے[2] خرام سے — دستار گردِ شاخِ گُلِ نقشِ پا کروں
خوش اوفتادگی! کہ بہ صحرائے انتظار — جوں جادہ، گردِ رہ سے نگہ سرمہ سا کروں
صبر اور یہ ادا کہ دل آوے اسیرِ چاک — درد اور یہ کمیں کہ رہِ نالہ وا کروں
وہ بے دماغِ منتِ اقبال ہوں کہ میں — وحشت بہ داغِ سایۂ بالِ ہما کروں
وہ التماسِ لذتِ بیداد ہوں کہ میں — تیغِ ستم کو پشتِ خمِ التجا کروں
وہ رازِ نالہ ہوں کہ بشرحِ نگاہِ عجز — افشاں، غبارِ سرمہ سے فردِ صدا کروں
لوں دام بختِ خفتہ سے، یک خوابِ خوش[3] ولے
غالب[4]! یہ خوف[5] ہے کہ کہاں سے ادا کروں — م

جہاں تیرا نقشِ قدم دیکھتے ہیں — م — خیاباں خیابانِ اِرم دیکھتے ہیں
کسو کو زِ خود رستہ کم دیکھتے ہیں — کہ آہو کو پابندِ رم دیکھتے ہیں

۱۔ نخ = عرضِ جنون ہوا
۲۔ " = جوششِ خرام
۳۔ " = استی
۴۔ " = لیکن
۵۔ " = بیم

○ ۱۸۱۶ء

خطِ لختِ دل یک قلم دیکھتے ہیں — مژہ کو جواہر رقم دیکھتے ہیں
دلِ آشفتگاں خالِ کُنجِ دہن کے — م — سویدا میں سیرِ عدم دیکھتے ہیں
ترے سروِ قامت[1] سے یک قدِ آدم — م — قیامت کے فتنے کو کم دیکھتے ہیں
تماشا کہ، اے محوِ آئینہ داری[2]! — م — تجھے کس تمنا سے ہم دیکھتے ہیں
سُراغِ تفِ نالہ لے داغِ دل سے — م — کہ شب رَو کا نقشِ قدم دیکھتے ہیں
سرابِ یقیں ہیں پریشاں نگاہاں — اسدؔ کو گرا زِ چشم کم دیکھتے ہیں
کہ ہم بیضۂ طوطیِ ہند، غافل — تہِ بالِ شمعِ حرم دیکھتے ہیں
*بنا کر فقیروں کا ہم بھیس، غالبؔ
تماشائے اہلِ کرم دیکھتے ہیں — م

▭ مت مَردُمکِ دیدہ میں سمجھو یہ نگاہیں — م — ہیں جمع، سُویدائے دلِ چشم ہیں، آہیں
جوں مردمکِ چشم میں ہوں جمع، نگاہیں — خوابیدہ[3] بہ حیرت کدۂ داغ ہیں آہیں
پھر حلقۂ کاکل میں پڑیں دید کی راہیں — جوں دود، فراہم ہوئیں روزن میں نگاہیں

۱۔ نخ = رعنا — ۲۔ نخ = بازی
۳۔ " = خوابیدۂ حیرت کدہ
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا
▭ شبہ ہوتا ہے کہ یہ مطلع اس غزل کے آخری شعر (مطلع) بہ حسرت کش یک... ہی کی ترقی یافتہ شکل ہے لیکن یہ بات قابلِ غور ہے کہ م میں اشاعت کے لیے صرف یہی مطلع انتخاب ہوا۔

○ ۱۸۱۶ء

پایا سرِ ہر ذرّہ، جگر گوشۂ وحشت   ہیں داغ سے معمورؔ[1] شقایق کی کلاہیں
کس دل پہ ہے عزمِ صفِ مژگانِ خود آرا؟   آئینے کے پایاب سے اتری ہیں سپاہیں
دیر و حرم، آئینۂ تکرارِ تمنّا   واماندگیِ شوق تراشے ہے پناہیں
یہ مطلع، اسدؔ، جوہرِ افسونِ سخن ہو   گر عرض تپاکِ نفسِ سوختہ چاہیں

حسرت کشِ یک جلوۂ معنی ہیں نگاہیں
کھینچوں ہوں سُویدائے دلِ چشم سے آہیں

جس[2] جا کہ پائے سیلِ بلا درمیاں نہیں   دیوانگاں کو[3] واں ہوسِ خانماں نہیں
کس جرم سے ہے چشم تجھے حسرتِ قبول   برگِ حنا مگر مژۂ خوں فشاں نہیں
ہر رنگ گردش، آئنہ ایجادِ درد ہے   اشکِ سحاب جز بوداعِ خزاں نہیں
جز[4] عجز کیا کروں بہ تمنّائے بے خودی!   طاقت حریفِ سختیِ خوابِ گراں نہیں
عبرت سے پوچھ دردِ پریشانیِ نگاہ   یہ گردِ وہم جز بسرِ امتحاں نہیں
گل، غنچگی میں غرقۂ دریائے رنگ ہے   اے آگہی، فریبِ تماشا کہاں نہیں
برقِ بجانِ حوصلہ آتش فگن، اسدؔ   اے دلِ فسردہ! طاقتِ ضبطِ فغاں نہیں

۱۔ نخ = لبریز
۲۔ ” = جائے کہ
۳۔ ” = دیوانگانِ غم کو سَر
۴۔ ” = اے

○ ۱۸۱۶ء

مرگِ شیریں ہو گئی تھی کوہکن کی فکر میں   تھا حریرِ سنگ سے قطعِ کفن کی فکر میں
فرصتِ یک چشمِ حیرت[1]، شش جہت آغوش ہے   ہوں سپند آسا، وداعِ انجمن کی فکر میں
وہ غریبِ وحشت آبادِ تسلّی ہوں، جسے   کوچہ دے ہے زخمِ دل، صبحِ وطن کی فکر میں
سایۂ گل داغ و جوشِ نکہتِ گل موجِ دُود   رنگ کی گرمی ہے تاراجِ چمن کی فکر میں
فالِ ہستی، خارِ خارِ وحشتِ اندیشہ ہے   شوخیِ سوزن ہے سامانِ پیرہن کی فکر میں
غفلتِ دیوانہ، جز تمہیدِ آگاہی نہیں   مغزِ سر، خوابِ پریشاں ہے سخن کی فکر میں

مجھ میں اور مجنوں میں، وحشت، سازِ دعوا ہے، اسدؔ
برگ برگِ بید ہے ناخن زدن کی فکر میں

ہے ترحّم آفریں، آرایشِ بیداد، یاں   اشکِ چشمِ دام ہے، ہر دانۂ صیّاد، یاں
ہے، گدازِ موم، اندازِ چکیدن ہائے خوں   نیشِ زنبورِ عسل، ہے نشترِ فصّاد، یاں
ناگوارا ہے ہمیں، احسانِ صاحب دولتاں   ہے، زرِ گل بھی[3]، نظر میں جوہرِ فولاد، یاں
جنبشِ دل سے ہوئے ہیں، عقدہ ہائے کار، وا   کمتریں مزدورِ سنگیں دست ہے، فرہاد، یاں
+دل لگا کر لگ گیا ان کو بھی تنہا بیٹھنا   م   بارے اپنی بیکسی کی ہم نے پائی داد، یاں

۱۔ نخ = حسرت
۲۔ نخ = تعبیر
۳۔ ” = در نظرِ ما
+ یہ شعر پہلی بار حاشیہ ق میں اضافہ کیا گیا

○ ۱۸۱۶ء

+ ہیں زوال آمادہ، اجزا آفرینش کے تمام م مہرِ گردوں ہے چراغِ رہگزارِ باد، یاں

قطرہ ہائے خونِ بسمل زیبِ داماں ہیں، اسدؔ
ہے تماشا کردنی گل چینیِ جلّاد، یاں

اے لواسازِ تماشا، سربکف جلتا ہوں میں — یک طرف جلتا ہے دل، اور یک طرف جلتا ہوں میں
شمع ہوں، لیکن بپا در رفتہ خارِ جستجو — مدّعا گم کردہ، ہر سو ہر طرف جلتا ہوں میں
ہے ہراسِ دستِ افسوس، آتش انگیزِ تپش — بے تکلّف آپ پیدا کر کے تف جلتا ہوں میں
ہے تماشا گاہِ سوزِ تازہ، ہر یک عضوِ تن — جوں چراغانِ دِوالی، صف بہ صف جلتا ہوں میں

شمع ہوں، تو بزم میں جا پاؤں غالبؔ کی طرح
بے محل، اے مجلس آرائے تحف! جلتا ہوں میں

فتادگی میں قدم استوار رکھتے ہیں — بہ رنگِ جادہ، سرِ کوئے یار رکھتے ہیں
برہنہ مستیِ صبحِ بہار رکھتے ہیں — جنونِ حسرتِ یک جامہ وار رکھتے ہیں
طلسمِ مستیِ دل آں سوئے ہجومِ سرشک — ہم ایک میکدہ دریا کے پار رکھتے ہیں
ہمیں، حریرِ شرر بافِ سنگ، خلعت ہے — یہ ایک پیرہنِ زرنگار رکھتے ہیں
نگاہِ دیدۂ نقشِ قدم ہے، جادۂ راہ — گزشتگاں، اثرِ انتظار رکھتے ہیں

+ یہ شعر پہلی بار حاشیہ ق میں درج کیا گیا

○ ۱۸۱۶ء

ہوا ہے، گریۂ بے باک[1] ضبط سے تسبیح — ہزار دل پہ ہم ایک اختیار رکھتے ہیں
بساطِ ہیچ کسی ہیں، برنگِ ریگِ رواں — ہزار دل بہ وداعِ قرار رکھتے ہیں
برنگِ سایہ سروکارِ انتظار نہ پوچھ — سراغِ خلوتِ شب ہائے تار رکھتے ہیں

جنونِ فرقتِ یارانِ رفتہ ہے، غالبؔ
بسانِ[2] دشت، دلِ پُرغبار رکھتے ہیں

تن بہ بندِ ہوس در ندادہ رکھتے ہیں — دلِ ز کارِ جہاں اوفتادہ رکھتے ہیں
تمیزِ[3] زشتی و نیکی میں لاکھ باتیں ہیں — بہ عکسِ آئنہ، یک فردِ سادہ رکھتے ہیں
بہ رنگِ سایہ ہمیں بندگی میں ہے تسلیم — کہ داغِ دل بہ جبینِ کشادہ رکھتے ہیں
بزاہداں، رگِ گردن، ہے رشتۂ زُنّار — سرِ بپائے بتے نانہادہ رکھتے ہیں
معافِ بیہدہ گوئی ہیں ناصحانِ عزیز — دلِ بدستِ نگارے ندادہ رکھتے ہیں
بہ رنگِ سبزہ، عزیزانِ بدزباں[4] یک دست — ہزار تیغ بہ زہراب دادہ رکھتے ہیں
ادب نے سونپی ہمیں سرمہ سائیِ حیرت — زبانِ بستہ و چشمِ کشادہ رکھتے ہیں
زمانہ سخت کم آزار ہے بجانِ اسدؔ م — وگرنہ ہم تو توقّع زیادہ رکھتے ہیں

۱۔ نخ = سرشار
۲۔ نخ = برنگ
۳۔ " = ے تمیز بخشیِ زشتی و نیکوئی پرحرف
۴۔ " = کج

○ ۱۸۱۶ء

بہ غفلت عطرِ گل، ہم آگہی مخمور ملتے ہیں — چراغانِ تماشا، چشمِ صد ناسور ملتے ہیں
رہا کس جرم سے میں بیقرارِ داغِ ہم طرحی؟ — سمندر کو پرِ پروانہ سے کافور ملتے ہیں
چمن نامحرمِ آگاہیِ دیدارِ خوباں ہے — سحر گل ہائے نرگس چند چشمِ کور ملتے ہیں
کجا جوہر؟ چہ عکسِ خط؟ بتاں وقتِ خود آرائی — دل آئینہ زیرِ پائے خیلِ مور ملتے ہیں
تماشائے بہار آئینہ[1] پردازِ تسلی ہے — کفِ[2] گل برگ سے پائے دلِ رنجور ملتے ہیں
گراں جانی سنگ سار، و تماشا بے دماغ آیا — کفِ افسوسِ فرصت، سنگِ کوہِ طور ملتے ہیں

اسد حسرت کشِ یک داغِ مشک اندودہ[3] ہے یارب
لباسِ شمع پر عطرِ شبِ دیجور ملتے ہیں

برِ رشکِ آشفتہ سر تھا قطرہ زن مژگاں سجانے میں — رہے یاں شوخیِ رفتار سے، پا آستانے میں
ہجومِ مژدۂ دیدار، و پروازِ تماشا ہا — گلِ اقبالِ خس ہے چشمِ بلبل، آشیانے میں
ہوئی یہ بیخودی چشم و زباں کو تیرے جلوے سے — کہ طوطی قفلِ زنگ آلودہ ہے آئینہ خانے میں
ترے کوچے میں ہے مشاطۂ واماندگی، قاصد — پرِ پرواز، زلفِ ناز ہے ہدہد کے شانے میں
کجا معزولیِ آئینہ؟ کو ترکِ خود آرائی؟ — نمد در آب ہے اے سادہ پرکار اس بہانے میں

۱۔ نخ = آئینۂ پردازِ تسکیں
۲۔ " = بجیبِ گل کفِ پائے ....
۳۔ " = آلودہ

○ ۱۸۱۶ء

بحکمِ[1] عجز، ابروئے مہِ تو حیرت ایما ہے — کہ یاں گم کر جبینِ سجدہ فرسا آستانے میں
+قیامت ہے کہ سن لیلیٰ کا دشتِ قیس میں آنا م تعجب سے وہ بولا "یوں بھی ہوتا ہے زمانے میں؟"
*دلِ نازک پہ اس کے رحم آتا ہے مجھے غالب م نہ کر سرگرم اس کافر کی الفت آزمانے میں

فزوں کی دوستوں نے حرصِ قاتل ذوقِ کشتن میں — ہوئے ہیں بخیہ ہائے زخم، جوہر تیغِ دشمن میں
▭ نہیں ہے زخم کوئی بخیے کے درخور مرے تن میں م ہوا ہے تارِ اشکِ یاس، رشتہ چشمِ سوزن میں
تماشا کردنی ہے لطفِ زخمِ انتظار[2] اے دل — سوادِ داغِ مرہم، مردمک ہے چشمِ سوزن میں
دل و دین و خرد، تاراجِ نازِ جلوہ پیرائی — ہوا ہے جوہرِ آئینہ، خیلِ مور خرمن میں
نکوہش، مانعِ بے ربطیِ[3] شورِ جنوں آئی م ہوا[4] ہے خندۂ احباب، بخیہ جیب و دامن میں
ہوئی[5] ہے مانعِ ذوقِ تماشا، خانہ ویرانی م کفِ سیلاب باقی ہے برنگِ پنبہ روزن میں
▭ ودیعت خانۂ بیدادِ کاوش ہائے مژگاں ہوں م نگینِ نامِ شاہد ہے مرے ہر قطرہ خوں تن میں
▭ بیاں کس سے ہو ظلمت گستری میرے شبستاں کی؟ م شبِ مہ ہو جو رکھ دیں پنبہ دیواروں کے روزن میں
▭ ہوئے اس مہروش کے جلوۂ تمثال کے آگے م پر افشاں جوہر آئینے میں، مثلِ ذرّہ روزن میں

۱۔ نخ = اسدآں — ۲۔ نخ = انتظارِ دل
۳۔ " = دیوانگی ہائے جنوں — ۴۔ " = لگایا خندۂ ناصح نے بخیہ
۵۔ " = ہے — ہوئی تقریب منعِ شوقِ دیدن خانہ ویرانی
▭ یہ اشعار گل میں نہیں مگر م میں موجود ہیں۔ شاید ۱۸۲۸ء تا ۱۸۴۰ء کسی وقت فکر کیے گئے ہوں گے
+ یہ شعر پہلے پہل حاشیہ ق میں اضافہ ہوا۔
* یہ شعر پہلے پہل متن ق میں درج ہوا۔

○ ۱۸۱۶ء

ع۵ نہ جانوں نیک ہوں یا بد ہوں، پر صحبت مخالف ہے م جو گل ہوں تو ہوں گلخن میں، جو خس ہوں تو ہوں گلشن میں
ع۵ ہزاروں دل دیے جوشِ جنونِ عشق نے مجھ کو م سیہ ہو کر سویدا ہو گیا، ہر قطرہ خوں، تن میں
اسدؔ، زندانیِ تاثیرِ الفت ہائے خوباں ہوں م خمِ دستِ نوازش، ہو گیا ہے طوق گردن میں

خوں در جگر نہفتہ، بہ زردی رسیدہ ہوں خود آشیانِ طائرِ رنگِ پریدہ ہوں
ہے دستِ ردیہ سیرِ جہاں، بستنِ نظر پائے ہوس بدامنِ مژگاں کشیدہ ہوں
میں چشمِ واکشادہ و گلشن نظر فریب لیکن عبث کہ شبنمِ خورشید دیدہ ہوں
تسلیم سے یہ نالۂ موزوں ہوا حصول اے بے خبر، میں نغمۂ چنگِ خمیدہ ہوں
پیدا نہیں ہے اصلِ تگ و تازِ جستجو مانندِ موجِ آب، زبانِ بریدہ ہوں
سر پر مرے وبالِ ہزار آرزو رہا یارب، میں کس غریب کا بختِ رمیدہ ہوں
میں بے ہنر کہ جوہرِ آئینہ تھا عبث پائے نگاہِ خلق میں خارِ خلیدہ ہوں
میرا نیاز و عجز ہے مفتِ بتاں، اسدؔ
یعنی کہ بندۂ بہ درم ناخریدہ ہوں

سودائے عشق سے دمِ سرد کشیدہ ہوں شامِ خیالِ زلف سے صبحِ دمیدہ ہوں
دورانِ سر سے گردشِ ساغر ہے متّصل خمخانۂ جنوں میں دماغِ رسیدہ ہوں

ع۵ یہ اشعار پہلی بار گلِ میں درج ہوئے

○ ۱۸۱۶ء

کی متّصل ستارہ شماری میں عمر صرف تسبیحِ اشک ہائے زمژگاں چکیدہ ہوں
ظاہر ہیں میری شکل سے افسوس کے نشاں خارِ الم سے، پشت بدنداں گزیدہ ہوں
ہوں گرمیِ نشاطِ تصوّر سے نغمہ سنج میں عندلیبِ گلشنِ ناآفریدہ ہوں
دیتا ہوں کشتگاں کو سخن سے سرِ تپش مضرابِ تارہائے گلوئے بریدہ ہوں
ہے جنبشِ زباں بدہن سخت ناگوار خونابۂ ہلاہلِ حسرت چشیدہ ہوں
جوں بوئے گل، ہوں گرچہ گراں بارِ منّتِ زر
لیکن، اسدؔ، بوقتِ گزشتن جریدہ ہوں

ہوئی ہیں آب، شرمِ کوششِ بیجا سے تدبیریں عرق ریزِ تپش ہیں، موج کے مانند زنجیریں
خیالِ سادگی ہائے تصوّر، نقشِ حیرت ہے پرِ عنقا پہ رنگِ رفتہ سے کھینچی[2] ہیں تصویریں
زبس ہر شمع یاں آئینۂ حیرت پرستی ہے کرے ہیں غنچۂ منقارِ طوطی نقشِ گل گیریں
رپسندِ آہنگیِ ہستی و سعیِ نالہ فرسائی غبار آلودہ ہیں، جوں دردِ شمعِ کشتہ تقریریں
ہجومِ سادہ لوحی، پنبۂ گوشِ حریفاں ہے وگرنہ خواب کی مضمر ہیں افسانے میں تعبیریں

۱۔ نخ = مانندِ شانہ، دستِ بدنداں
۲۔ " = کھینچے ہے
۳۔ " = طرازی
۴۔ " = درشتیِ تاملّ ہے فسونِ پنبہ درگوشی

○ ۱۸۱۶ء

بتانِ شوخ کی تمکینِ بعد از قتل کی حیرت   بیاضِ دیدۂ نخچیر پر کھینچے ہے تصویریں

اسدؔ، طرزِ عروجِ اضطرابِ[1] دل کو کیا کہیے
سمجھتا[2] ہوں تپش کو الفتِ قاتل کی تاثیریں

بے دماغی، حیلہ جوئے ترکِ تنہائی نہیں   ورنہ کیا موجِ نفس، زنجیرِ رسوائی نہیں؟
وحشی خو کردۂ نظّارہ ہے، حیرت، جسے   حلقۂ زنجیر، جز چشمِ تماشائی نہیں
قطرے کو جوشِ عرق کرتا ہے دریا دستگاہ   جز حیا، پرکارِ سعیِ بے سر و پائی نہیں
چشمِ نرگس میں نمک بھرتی[3] ہے شبنم سے بہار   فرصتِ نشو و نما، سازِ شکیبائی نہیں
کس کو دوں، یارب، حسابِ سوزناکی ہائے دل؟   آمد و رفتِ نفس، جز شعلہ پیمائی نہیں
مت رکھ، اے انجام غافل! سازِ ہستی پر غرور   چیونٹی[4] کے پر، سر و برگِ خود آرائی نہیں

سایۂ افتادگی بالین و بستر ہوں، اسدؔ
جوں صنوبر، دل سراپا قامت آرائی نہیں

ظاہرا سرپنجۂ افتادگاں گیرا نہیں   ورنہ کیا حسرت[5] کشِ دامن پہ نقشِ پا نہیں

۱۔ نخ = بسمل آہنگاں   ۲۔ نخ = سمجھتے ہیں
۳۔ " = بوتی   ۴۔ " = مور کے پر ہیں
۵۔ " = دامان کی حسرت

○ ۱۸۱۶ء

آنکھیں پتھرائی ہیں، نامحسوس ہے تارِ نگاہ   ہے زمیں ازبس کہ سنگیں، جادہ بھی پیدا نہیں
ہو چکے ہم جادہ ساں صد بار قطع، اور[1] پھر ہنوز   زینتِ یک پیرہن، جوں دامنِ صحرا نہیں
ہو سکے ہے پردۂ جوشیدنِ خونِ جگر   اشک، بعد ضبط، غیر از[2] پنبۂ مینا نہیں
ہو سکے کب کلفتِ دل، مانعِ سیلانِ اشک؟   گردِ ساحل، سنگِ راہِ جوششِ دریا نہیں
ہے[3] طلسمِ دہر میں، صد حشر پاداشِ عمل   آگہی غافل، کہ اک امروز بے فردا نہیں

بسمل[+] اس تیغِ دو دستی کا نہیں بچتا، اسدؔ
عافیت بیزار، ذوقِ کعبتین اچھا نہیں

ضبط سے مطلب بجز وارستگی دیگر نہیں   دامنِ تمثال، آبِ آئنہ سے تر نہیں
ہے[4] وطن سے باہر اہلِ دل کی قدر و منزلت   عزلت آبادِ صدف میں قیمتِ گوہر نہیں
باعثِ ایذا ہے، برہم خوردنِ بزمِ سرور   لخت[5] لختِ شیشۂ بشکستہ، جز نشتر نہیں
واں[6] سیاہی مردمک ہے، اور یاں داغِ شراب   مہ، حریفِ نازشِ ہم چشمیِ ساغر نہیں
ہے فلک بالا نشینِ فیضِ خم گردیدنی   عاجزی سے، ظاہرا رتبہ کوئی برتر نہیں

۱۔ نخ = وتاہنوز   ۲۔ نخ = کم
۳۔ " = اے اسدؔ ہے
۴۔ " = سہ ہوتے ہیں بے قدر در کنجِ وطن صاحب دلاں
۵۔ " = ے شیشہ ریزہ غیر عرقِ شوخیِ نشتر نہیں
۶۔ " = ے واں سیاہی ہے سوادِ مردمک، یاں داغِ مے
+ یہ شعر پہلی بار حاشیہ ق میں بڑھایا گیا

○ ۱۸۱۶ء

دل کو اظہارِ سخن، اندازِ فتح الباب ہے — یاں صریرِ خامہ، غیر از اصطکاکِ در نہیں
ہو گئی ہے غیر کی شیریں بیانی، کارگر — عشق کا، اس کو گماں ہم بے زبانوں پر نہیں
کب تلک پھیرے اسدؔ لب ہائے تفتہ پر زباں؟
تابِ عرضِ تشنگی، اے ساقیِ کوثر، نہیں

ضمانِ جادہ رو یا ندن ہے خطِ جامِ مے نوشاں — وگرنہ منزلِ حیرت سے کیا واقف ہیں مدہوشاں؟
نہیں ہے، ضبط، بجز مشاطگی ہائے غم آرائی — کہ میلِ سرمۂ چشمِ داغ میں ہے آہِ خاموشاں
بہ ہنگامِ تصور ساغرِ زانو سے پیتا ہوں — مئے کیفیتِ خمیازہ ہائے صبح آغوشاں
نشانِ روشنیِ دل نہاں ہے تیرہ بختوں کا — نہیں محسوس، دودِ مشعلِ بزمِ سیہ پوشاں
پریشانی، اسدؔ، در پردہ ہے سامانِ جمعیت
کہ ہے آبادیِ صحرا، ہجومِ خانہ بر دوشاں

نہیں ہے بے سبب قطرے کو شکلِ گوہر افسردن — گرہ ہے حسرتِ آبے بروے کار آوردن
مہِ نو سے ہے، رہزن وار نعلِ واژگوں باندھا — نہیں ممکن بجولاں ہائے گردوں دخل پے بردن
خمارِ ضبط سے بھی نشۂ اظہار پیدا ہے — تراوش شیرۂ انگور کی ہے مفتِ افشردن
خراب آبادِ غربت میں عبث افسوسِ ویرانی — گلِ از شاخ دور افتادہ ہے نزدیکِ پژمردن

۵ یہ شعر پہلی بار متن میں درج ہوا

○ ۱۸۱۶ء

فغان و آہ سے حاصل بجز دردِ سر یاراں — خوشا! اے غفلت آگاہاں نفس دزدیدن و مردن
دریغا! بستنِ رختِ سفر سے ہو کے ہیں غافل — رہا پامالِ حسرت ہائے فرشِ بزم گستردن
اسدؔ، ہے طبع مجبورِ تمنا آفرینی ہا
فغاں! بے اختیاری و فریبِ آرزو خوردن

دیکھیے مت چشمِ کم سے سوئے ضبط افسردگاں — جوں صدف پُر دُر ہیں، دنداں بجگر افشردگاں
گرمِ تکلیفِ دلِ رنجیدہ ہے از بس کہ، چرخ — قرصِ کافوری ہے، مہر، از بہرِ سرما خوردگاں
رنجشِ دل[1] یک جہاں ویراں کرے گی، اے فلک — دشت ساماں ہے، غبارِ خاطرِ آزردگاں
ہاتھ پر ہو ہاتھ، تو در[2] سِ تأسف ہی سہی — شوق مفتِ زندگی ہے، اے بہ غفلت مردگاں
خار سے گل سینہ افگارِ جفا ہے، اے اسدؔ
برگ ریزی ہے پر افشانیِ ناوک خوردگاں

سازشِ صلحِ بتاں میں ہے نہاں جنگیدن — نغمہ و چنگ ہیں جوں تیر و کماں فہمیدن
بس کہ شرمندۂ بوے خوشِ گل رویاں ہے — نکہتِ گل کو ہے غنچے میں نفس دزدیدن
ہے فروغِ رخِ افروختۂ خوباں سے — شعلۂ شمع، پر افشانِ بخود لرزیدن

۱۔ نخ = ہا
۲۔ " = تاہم جنبشِ فرسودنی

○ ۱۸۱۶ء

گلشنِ زخم کھلاتا ہے جگر میں، پیکاں   گرہِ غنچہ ہے، سامانِ چمن بالیدن
چمنِ دہر میں ہوں سبزۂ بیگانہ، اسدؔ
وائے! اے بے خودی و تہمتِ آرامیدن

صاف ہے ازبس کہ عکسِ گل سے، گلزارِ چمن   جانشینِ جوہرِ آئینہ ہے، خارِ چمن
ہے نزاکت بس کہ فصلِ[۱] گل میں معمارِ چمن   قالبِ گل میں ڈھلی ہے خشتِ دیوارِ چمن
+برشکالِ گریۂ عاشق ہے، دیکھا چاہیے   م   کھِل گئی، مانندِ گُل سَو جا سے دیوارِ چمن
الفتِ گل سے، غلط ہے، دعویِ وارستگی   م   سروِ ہے، باوصفِ آزادی، گرفتارِ چمن
تیری آرائش کا استقبال کرتی ہے بہار   جوہرِ آئینہ، ہے یاں نقشِ احضارِ چمن
بس کہ پائی یار کی رنگیں ادائی سے شکست   ہے، کلاہِ نازِ گل، برطاقِ دیوارِ چمن
وقت ہے، گر بلبلِ مسکیں زلیخائی کرے   یوسفِ گل جلوہ فرما ہے بہ بازارِ چمن
وحشت افزا گریہ ہا موقوفِ فصلِ گل، اسدؔ
چشمِ دریا[۲] بار ہے میرابِ سرکارِ چمن

منقار سے رکھتا ہوں بہم چاکِ قفس کو   تا گل زِ جگر زخم میں ہے راہ نفس کو

۱۔ نخ = اس موسم   ۲۔ نخ = دریاریز
+ یہ شعر پہلی بار حاشیہ ق میں بڑھایا گیا

○ ۱۸۱۶ء

بیباک ہوں ازبس کہ بہ بازارِ محبت   سمجھا ہوں زرہ جوہرِ شمشیرِ عسس کو
رہنے دو گرفتار بہ زندانِ خموشی   چھیڑو نہ مجھ افسردۂ دزدیدہ نفس کو
پیدا ہوئے ہیں ہم الم آبادِ جہاں میں   فرسودنِ پاے طلب دستِ ہوس کو
نالاں ہو، اسدؔ، تو بھی سرِ راہ گزر پر
کہتے ہیں کہ تاثیر ہے فریادِ جرس کو

اگر وہ آفتِ نظارہ جلوہ گستر ہو   ہلال، ناخنکِ دیدہ ہاے اختر ہو
بہ یادِ قامت، اگر ہو بلند آتشِ غم   ہر ایک داغِ جگر، آفتابِ محشر ہو
*ستم کشی کا، کیا دل نے، حوصلہ پیدا   اب اُس سے ربط کروں جو بہت ستمگر ہو
عجب نہیں پئے تحریرِ حالِ گریۂ چشم   بروے[۱] آب جو، ہر موج، نقشِ مسطر ہو
اُمیدوار ہوں، تاثیرِ تلخ کامی سے   کہ قندِ بوسۂ شیریں لباں مکرّر ہو
صدف[۲] کی، ہے ترے نقشِ قدم میں کیفیت
سرشکِ چشمِ اسدؔ، کیوں نہ اس میں گوہر ہو

۱۔ نخ = کہ سطحِ آب پر
۲۔ " = ہے اسدؔ پہ گوشۂ چشمِ عنایت لے آقا
کہ یہ سرشکِ چشم اوفتادہ گوہر ہو
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا

○ ۱۸۱۶ء

بے درد، سر بہ سجدۂ الفت فرو نہ ہو — جوں شمع، غوطہ داغ میں کھا، گر وضو نہ ہو
دل دَر[1] کفِ تغافلِ ابروئے یار ہیں[2] — آئینہ ایسے طاق پہ گم کر، کہ تو نہ ہو
زلفِ خیالِ نازک و اظہار بے قرار — یارب، بیاں[3] شانہ کشِ گفتگو نہ ہو
تمثالِ ناز، جلوۂ نیرنگِ اعتبار[4] — ہستی عدم ہے، آئینہ گر روبرو نہ ہو
مژگاں خلیدۂ رگِ ابرِ بہار ہے — نشتر، بہ مغز، پنبۂ مینا فرو نہ ہو
عرضِ نشاطِ دید ہے، مژگانِ انتظار — یارب کہ خارِ پیرہنِ آرزو نہ ہو

واں پرفشانِ دامِ نظر ہوں جہاں، اسدؔ
صبحِ بہار بھی، قفسِ رنگ و بو نہ ہو

حسد[5] سے دل اگر افسردہ ہے، گرمِ تماشا ہو — م — کہ چشمِ تنگ شاید کثرتِ نظارہ سے وا ہو
ہم بالیدنِ سنگ و گلِ صحرا یہ چاہے[6] ہے — کہ تارِ جادہ بھی کہسار کو زنّارِ مینا ہو
حریفِ وحشتِ نازِ نسیمِ عشق جب آؤں — کہ مثلِ غنچہ، سازِ[7] یک گلستاں دل مہیا ہو

۱۔ نخ = در　　۲۔ نخ = سوئے
۳۔ " = کہ شوق　　۴۔ " = جلوہ گرِ نقش اعتبار
۵۔ " = ہے حسد پیمانہ ہے دل، عالمِ آبِ تماشا ہو
۶۔ " = کیفیت
۷۔ " ہا　　۸۔ نخ =

○ ۱۸۱۶ء

بجائے دانہ، خرمن یک بیاباں بیضۂ قمری — مرا[1] حاصل وہ نسخہ ہے کہ جس سے خاک پیدا ہو
کرے کیا سازِ بینش وہ شہیدِ[2] دردِ آگاہی؟ — جسے موئے دماغِ بے خودی، خوابِ زلیخا ہو
بقدرِ[3] حسرتِ دل چاہیے، ذوقِ معاصی بھی — م — بھروں یک گوشۂ دامن گر آبِ ہفت دریا ہو
وہ دل، جوں شمع، بہرِ دعوتِ نظارہ لا، جس[4] سے — نگہ لبریزِ اشک و سینہ معمورِ تمنا ہو
اگر وہ[5] سرو قد، گرمِ خرامِ ناز آجاوے — م — کفِ ہر خاکِ گلشن، شکلِ قمری، نالہ فرسا ہو

نہ دیکھیں روئے یک دل سرد، غیر از شمعِ کافوری
خدایا[6]، اس قدر بزمِ اسدؔ گرمِ تماشا ہو

مبادا! بے تکلف فصل کا برگ و نوا کم ہو — مگر طوفانِ مے میں پیچشِ موجِ صبا کم ہو
سبب وارستگاں کو ننگِ ہمت ہے، خداوندا — اثر سرمے سے اور لبہائے عاشق سے صدا کم ہو
نہیں جز دردِ تسکینِ نکوہش ہائے بیدرداں — کہ موجِ گریہ میں صد خندۂ دنداں نما گم ہو
ہوئی ہے ناتوانی، بے دماغِ شوخیِ مطلب — فرو[7] ہوتا ہے سر سجدے میں، اے دستِ دعا گم ہو

۱۔ نخ = مجھے
۲۔ " = تماشا رنجِ آگاہی
۳۔ " = ہے جنونِ عیش ہے یارب سروسامانِ آزادی
کروں یک گوشۂ دامن تر، گر آبِ ہفت دریا ہو
۴۔ " = یعنی
۵۔ " = اگر وہ سروِ جاں بخشِ خرامِ اہتزاز آوے
۶۔ " = خدایا! بزمِ غالب اس قدر گرمِ تماشا ہو
۷۔ " = جبیں میں در لباسِ سجدہ لے ---

○ ۱۸۱۶ء

تجھے ہم مفت دیویں یک جہاں چینِ جبیں لیکن
مبادا اے بیچتاب طبع نقشِ مدعا گم ہو

بلاگردانِ تمکینِ بتاں، صد موجۂ گوہر
عرق بھی جن کے عارض پر بہ تکلیفِ حیا گم ہو

اُٹھاوے کب وہ جانِ شرم تہمت قتلِ عاشق کی
کہ جس کے ہاتھ میں، مانندِ خوں، رنگِ حنا گم ہو

کریں خوباں جو سیرِ حسن، اسدؔ، یک پردہ نازک تر
دمِ صبحِ قیامت، در گریبانِ قبا گم ہو

خشکیِ مے نے تلف کی مے کدے کی آبرو
کاسۂ دریوزہ[1] ہے، پیمانۂ دستِ سبو

بہرِ جاں پروردنِ یعقوب، بال چاک سے
وام لیتے[2] ہیں، پرِ پرواز، پیراہن کی بو

گردِ ساحل، ہے بہ نمِ شرمِ جبینِ آشنا
گر نہ باندھے قلزمِ الفت میں سر جائے کدو

گرمیِ شوقِ طلب، ہے عینِ تاپاکِ وصال
غافلاں، آئینہ داں ہے، نقشِ پائے جستجو

رہنِ خاموشی میں ہے آرائشِ بزمِ وصال
ہے پرِ پروازِ رنگِ رفتۂ خوں، گفتگو

ہے تماشا، حیرت آبادِ تغافل ہائے شوق
یک رگِ خواب و سراسر جوشِ خونِ آرزو

خوے شرمِ سرد بازاری، ہے سیلِ خانماں
ہے، اسدؔ نقصاں میں مفت اُو صاحبِ سرمایہ تو

۱- نخ = ے کاسۂ دریوزگی ہے جام بر دستِ سبو

۲- " = لیتی ہے

○ ۱۸۱۶ء

اشکِ چکیدہ، رنگِ پریدہ
ہر طرح ہوں میں از خود رمیدہ

گو، یاد مجھ کو کرتے ہیں خوباں
لیکن بسانِ دردِ کشیدہ

ہے رشتۂ جاں فرطِ کشش سے
مانندِ نبضِ دستِ بُریدہ

لوٹا ہے، افسوس! موئے خمِ زلف
ہے شانہ یکسر دستِ گزیدہ

خالِ سیاہِ رنگیں رخاں سے
ہے داغِ لالہ در خوں طپیدہ

جوشِ جنوں سے جوں کسوتِ گل
سر تا بہ پا ہوں، جیبِ دریدہ

یارو، اسدؔ کا نام و نشاں کیا؟
بیدل، فقیرِ آفت رسیدہ

خوشا! طوطی و کُنجِ آشیانہ
نہاں در زیرِ بال آئینہ خانہ

سرشکِ بر زمیں اُفتادہ آسا
اُٹھایاں سے نہ میرا آب و دانہ

حریفِ عرضِ سوزِ دل نہیں ہے
زباں ہر چند ہو جاوے زبانہ

دلِ نالاں سے ہے بے پردہ پیدا
نوائے بربط و چنگ و چغانہ

کرے کیا دعویِ آزادیِ عشق
گرفتارِ الم ہائے زمانہ

اسدؔ، اندیشۂ ششدر شدن ہے
نہ پھریے مہرہ ساں خانہ بخانہ

○ ۱۸۱۶ء

رفتار سے شیرازۂ اجزائے قدم باندھ
اے آبلے[1] محمل پئے صحرائے عدم باندھ

بیکاریِ تسلیم، بہر رنگ چمن ہے
گر خاک ہو، گلدستۂ صد نقشِ قدم باندھ

اے جادے[2]، بسر رشتۂ یک ریشہ دویدن
شیرازۂ صد آبلہ جوں سُبحہ، بہم باندھ

حیرت، حدِ اقلیمِ تمنائے پری ہے
آئینے[3] پہ آئینِ گلستانِ ارم باندھ

پامردیِ یک انداز نہیں قامتِ ہستی
طاقت اگر اعجاز کرے تہمتِ خم باندھ

دیباچۂ وحشت ہے، اسدؔ، شکوۂ خوباں
خوں کر دلِ اندیشہ و مضمونِ ستم باندھ

خلق ہے صفحۂ عبرت سے سبق ناخواندہ
ورنہ ہے چرخ و زمیں، یک ورقِ گرداندہ

دیکھ کر[4] بادہ پرستوں کی دل افسردگیاں
موجِ مے، مثلِ خطِ جام، ہے برجا ماندہ

خواہشِ دل ہے زباں کو سببِ گفت و بیاں
ہے سخن، گرد ز داماںِ ضمیر افشاندہ

کوئی آگاہ نہیں باطنِ ہم دیگر سے
ہے، ہر اک فرد، جہاں میں ورقِ ناخواندہ

حیف[5]! بے حاصلیِ اہلِ ریا پر، غالبؔ
یعنی ہیں ماندہ[6] ازاں سو و ازیں سو راندہ

۱۔ نخ = آبلہ
۲۔ ؍؍ = جادہ
۳۔ ؍؍ = تا آئینہ
۴۔ ؍؍ = ے مے کدے میں ز دل افسردگیِ بادہ کشاں
۵۔ ؍؍ = ے اے اسدؔ وائے بہ بے حاصلیِ بوالہوساں
۶۔ ؍؍ = ہرزہ

○ ۱۸۱۶ء

بس[1] کہ مے پیتے ہیں، اربابِ فنا پوشیدہ
خطِ پیمانۂ مے، ہے نفسِ دزدیدہ

بہ غرورِ طرحِ قامت و رعنائیِ سرو
طوق، ہے گردنِ قمری میں رگِ بالیدہ

کی ہے وا اہلِ جہاں نے بہ گلستانِ جہاں
چشمِ غفلت نظرِ شبنمِ خور نادیدہ

اے دریغا! کہ نہیں طبعِ نزاکت ساماں
ورنہ کانٹے میں تُلے ہے سخنِ سنجیدہ

*یاس آئینۂ پیدائیِ استغنا ہے
ناامیدی ہے پرستارِ دلِ رنجیدہ

واسطے[2] فکرِ مضامینِ متیں کے، غالبؔ
چاہیے خاطرِ جمع و دلِ آرامیدہ

از مہر تا بہ ذرّہ دل و دل ہے آئینہ م
طوطی کو شش جہت سے، مقابل ہے آئینہ

حیرت، ہجومِ لذتِ غلطانیِ تپش
سیماب بالش و کمرِ دل ہے آئینہ

غفلت، بہ بالِ جوہرِ شمشیرِ پرفشاں
یاں پشتِ چشمِ شوخیِ قاتل ہے آئینہ

حیرت نگاہ برق، تماشا بہار شوخ
در[3] پردۂ ہوا پرِ بسمل ہے آئینہ

یاں رہ گئے ہیں ناخنِ تدبیر ٹوٹ کر
جوہر طلسمِ عقدۂ مشکل ہے آئینہ

۱۔ نخ = ے بس کہ مے پینے لگے بادہ کشاں پوشیدہ
۲۔ ؍؍ = ے اے اسدؔ بہرِ رم آموختنی ہائے تپش
۳۔ ؍؍ = درکسوت
* یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا

○ ۱۸۱۶ء

ہم زانوے تامّل و ہم جلوہ گاہِ گُل　　آئینہ بندِ خلوت و محفل ہے آئینہ
دل کارگاہِ فکر و اسدؔ بے نواے دل
یاں سنگِ آستانۂ بیدؔل ہے آئینہ

جوشِ دل ہے، مجھ سے[1] حسنِ فطرتِ بیدؔل نہ پوچھ　　قطرے[2] سے میخانۂ دریاے بے ساحل نہ پوچھ
پہنِ گشتن ہاے دل، بزمِ نشاطِ گردباد　　لذّتِ عرضِ کشادِ عقدۂ مشکل نہ پوچھ
آبلہ، پیمانۂ اندازۂ تشویش تھا　　اے دماغِ نارسا! خم خانۂ منزل نہ پوچھ
نے صبا بالِ پری، نے شعلہ ساماں[3] جنوں　　شمع سے جز عرضِ افسونِ گدازِ دل نہ پوچھ
یک مژہ برہم زدن حشرِ دو عالم فتنہ ہے　　یاں سراغِ عافیت جز دیدۂ بسمل نہ پوچھ
بزم ہے یک پنبۂ مینا، گدازِ ربط سے　　عیش کر غافل، حجابِ نشّۂ محفل نہ پوچھ
تا تخلّص جامۂ شنگرفی ارزانی، اسدؔ
شاعری جز سازِ درویشی نہیں حاصل نہ پوچھ

جز، دل سراغِ دردِ بدل خفتگاں نہ پوچھ　　آئینہ عرض کر، خط و خالِ بیاں نہ پوچھ
پرواز، یک تپِ غمِ تسخیرِ نالہ ہے　　گرمیِّ نبضِ خار و خسِ آشیاں نہ پوچھ

۱۔ نخ = نشّۂ ہاے　　۲۔ نخ = قطرہ
۳۔ 〃 = حرزِ عافیت

○ ۱۸۱۶ء

+ ہے سبزہ زار، ہر در و دیوارِ غمکدہ　م　جس کی بہار یہ ہو، پھر اس کی خزاں نہ پوچھ
ہندوستان سایۂ گل پاے تخت تھا　　جاہ و[1] جلالِ عہدِ وصالِ بتاں نہ پوچھ
تو مشقِ[2] ناز کر، دلِ پروانہ ہے بہار　　بے تابیِ تجلّیِ آتش بجاں نہ پوچھ
غفلت متاعِ کفّۂ میزانِ عدل ہوں[3]　　یارب، حسابِ سختیِ خوابِ گراں نہ پوچھ
ہر داغِ تازہ یک دلِ داغ انتظار ہے　　عرضِ فضاے سینۂ درد امتحاں نہ پوچھ
°ناچار بیکسی کی بھی حسرت اُٹھائیے　م　دشواریِ رہ و ستمِ ہمرہاں نہ پوچھ
کہتا[4] تھا کل وہ محرمِ راز اپنے سے کہ آہ
دردِ جدائیِ اسداللہ خاں نہ پوچھ

ضبط[5] سے، جوں مردمک، اسپند اقامت گیر ہے　　مجمرِ بزمِ فسردن، دیدۂ نخچیر ہے
آشیاں بندِ بہارِ عیش ہوں ہنگامِ قتل　　یاں پرِ پروازِ رنگِ رفتہ، بالِ تیر ہے
ہے جہاں فکرِ کشیدن ہاے نقشِ روے یار　　ماہتاب، ہالہ پیرا، گردۂ تصویر ہے
وقتِ حسن افروزیِ زینت طرازاں، جاے گل　　ہر[6] نہالِ شمع میں اِک غنچۂ گل گیر ہے

۱۔ نخ = نازِ بہار رفتہ　　۲۔ نخ = عرض　　۳۔ نخ = ہیں
۴۔ 〃 = ے　کہتا تھا کل وہ نامہ رساں سے بسوزِ دل
۵۔ 〃 = ے　ضبط سے اسپند جوں مردم اقامت گیر ہے
۶۔ 〃 = ے　از نہالِ شمع پیدا غنچۂ ------
+　یہ شعر پہلی بار حاشیہ ق میں اضافہ کیا گیا
٥　یہ شعر پہلی بار متن ق میں درج ہوا